نیشنل انسٹیٹیوٹ آف ایڈوانسڈ انڈسٹریل سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کے روبوٹوں پر تحقیق کے شعبے کے سربراہ ڈاکٹر ہیروشیا ہیروکاوا کہتے ہیں کہ اس منصوبے کا مقصد نرسنگ اسٹاف پر بوجھ کم کرنا اور گھروں میں رہنے والے لوگوں کی خودمختاری بڑھانا ہے۔ تاہم وہ اس بات کا اعتراف کرتے ہیں کہ مصنوعی ذہانت سے لیس خودکار مشینیں ہر ضرورت پوری نہیں کر سکتیں، البتہ ان کی مدد سے بہت سے کام آسان ہو جائیں گے اور نرسنگ اسٹاف پر بوجھ کم ہو جائے گا۔

ہیروکاوا کے مطابق بزرگوں کو بستر سے اٹھنے میں مدد دینے والے روبوٹ فی الحال جاپان کے آٹھ فی صد نرسنگ ہومز میں کام کر رہے ہیں۔ ان کے محدود پیمانے پر استعمال کی دو وجوہ ہیں: ایک تو یہ کہ ان روبوٹوں کی تیاری پر بڑی رقم خرچ ہوتی ہے، دوسرے یہ کہ لوگوں کی اکثریت اب بھی یہ سوچ رکھتی ہے کہ مناسب دیکھ بھال انسان ہی کر سکتے ہیں۔ پھر یہ کہ معمر افراد بھی روبوٹوں کو اپنے مددگار کے طور پر قبول کرنے میں پس و پیش سے کام لیتے ہیں۔ بہر حال حکومت نرسوں کی کمی پورا کرنے کے لیے روبوٹوں سے کام لینے کا فیصلہ کر چکی ہے اور متعدد روبوٹ ساز کمپنیاں خودکار مشینوں کے لیے نرسنگ کو آسان تر بنانے پر کام کر رہی ہیں۔



روبوٹ اور جاپانی بوڑھے (انتخاب)

شجاعت ارشاد
۳۵۳۸۔اقبال ہاؤس
دہم (اے)

روبوٹکس یعنی روبوٹ سازی کی ٹیکنالوجی اور صنعت میں جاپان سب سے آگے ہے۔ان خودکار مشینوں کا بڑے پیمانے پر استعمال بھی اسی ملک میں ہو رہا ہے۔کارساز اداروں میں مصروفِ عمل دیوہیکل روبوٹوں سے لے کر کھلونا روبوٹوں تک زندگی کے متعدد شعبوں میں یہ خودکار مشینیں سرگرمِ عمل ہو چکی ہیں اور ان کا دائرہ کار وسعت اختیار کر رہا ہے۔طب کے شعبے میں بھی مختلف حیثیتوں اور صورتوں میں روبوٹ مختلف کام سرانجام دے رہے ہیں۔اب حکومت کی توجہ روبوٹ نرسوں پر ہے۔

جاپان ان ممالک میں شامل ہے جہاں شرحِ پیدائش بے حد کم (۱.۴۶) فی خاتون ہے۔علاوہ ازیں جاپانیوں کی اوسط عمر دنیا بھر میں سب سے زیادہ اوسطاً چوراسی سال ہے۔کم شرحِ پیدائش اور بلند ترین اوسط عمر کی وجہ سے جاپان میں بوڑھوں کی تعداد بڑھتی چلی جا رہی ہے۔اسی مناسبت سے ان کی دیکھ بھال کرنے والوں کی ضرورت میں بھی اضافہ ہو رہا ہے۔حکومت نے بزرگوں کی دیکھ بھال کی ذمہ داری روبوٹ نرسوں کو سونپنے کا فیصلہ کیا ہے۔اس کی بنیادی وجہ میل اور فی میل نرسوں کی کمی ہے۔ایک سبب یہ بھی ہے کہ والدین ستر اسی سال کی عمر کو پہنچتے ہیں تو اولاد بھی پچاس ساٹھ برس کی ہو جاتی ہے۔یوں ان کے لیے بھی ناتوانی کے باعث والدین کی مناسب طور سے دیکھ بھال ممکن نہیں رہتی۔حکومتی پالیسی سازوں کے ذہن میں یہ بات بھی ہوگی کہ بزرگوں کو روبوٹ نرسوں کے سپرد کرنے سے ان کے بچے بے فکر ہو جائیں گے اور پوری توانائی کے ساتھ ملک وقوم کی ترقی کے لیے کوشاں رہیں گے۔

ایک اندازے کے مطابق ۲۰۲۵ء تک جاپان میں عمر رسیدہ مرد خواتین کے دیکھ بھال کے لیے مزید ۳۷۰۰۰۰ میل اور فی میل نرسوں کی ضرورت ہوگی۔اس طلب کو مصنوعی ذہانت سے لیس خودکار مشینوں کے ذریعے پورا کرنے کا فیصلہ کر لیا گیا ہے۔اس مقصد کی جانب پیش قدمی کرتے ہوئے روبوٹ ساز اداروں کے ماہرین ابتدائی

جہانِ حیرت



آنکھ جو کچھ دیکھتی ہے لب پہ آ سکتا نہیں
محوِ حیرت ہوں کہ دنیا کیا سے کیا ہو جائے گی

علامہ محمد اقبالؒ

جا کر نارمل ہوتے ہیں۔

بحرِ مردار دراصل نشانِ عبرت ہے، کہا جاتا ہے کہ حضرت لوطؑ کی پانچ بستیاں جن میں سدوم، عمورہ اور زغر زیادہ مشہور تھیں اور یہ بحرِ مردار کی جگہ آباد تھیں۔ حضرت لوطؑ، حضرت ابراہیمؑ کے بھتیجے تھے۔ یہ جدالانبیا کے ساتھ عراق کے شہر ''ار'' سے نکلے اور موجودہ ترکی کے شہر شانلی عرفہ پہنچے۔ عرفہ کے بادشاہ نمرود نے حضرت ابراہیمؑ کو آگ میں جلانے کی کوشش کی۔ اس کے بعد سفر کرتے ہوئے یہ سدوم کے قریب پہنچے، حضرت ابراہیمؑ فلسطین تشریف لے گئے اور حضرت لوطؑ سدوم میں رک گئے۔ سدوم کے لوگ دو علتوں کا شکار تھے، یہ راہزنی کرتے تھے اور دوسرا یہ ہم جنسیت کا شکار تھے۔

حضرت لوطؑ نے انھیں تبلیغ کی مگر یہ باز نہ آئے تو اللہ نے ان پر عذاب نازل کرنے کا فیصلہ کیا اور فرشتے بھیجے۔ سدوم کے ہوس کے پجاریوں نے حضرت لوطؑ کے گھر کا محاصرہ کیا، فرشتوں نے حضرت لوطؑ پر خود کو ظاہر کیا اور انھیں اپنے اہلِ خانہ کے ساتھ بستی چھوڑنے کی درخواست کی اور یہ بھی کہا کہ جاتے ہوئے پیچھے بالکل نہیں دیکھنا۔

فرشتوں نے اس کے بعد پوری آبادی ہتھیلی کی طرح پلٹ دی۔ انجیل کے مطابق گڑگڑاہٹ کی آواز آئی تو حضرت لوطؑ کی اہلیہ نے مڑ کر دیکھا، اللہ نے اس گستاخی پر اسے پتھر کی چٹان بنا دیا۔ یہ چٹان آج بھی بحرِ مُردار کے کنارے موجود ہے اور یہ دُور سے ایک حیران و پریشان خاتون دکھائی دیتی ہے۔

حضرت لوطؑ کا یہ واقعہ انجیلِ مقدّس اور قرآن مجید دونوں میں بیان ہے۔ یہ دنیا کا پست ترین مقام ہے اور بحرِ مُردار اللہ کے عذاب کی نشانی ہے۔ یہ سمندر اس سے پہلے یہاں موجود نہ تھا، یہ قومِ لوطؑ پر عذاب کے نتیجے میں ظاہر ہوا۔ اس میں حیات بھی اللہ کی ناراضگی کی وجہ سے پیدا نہیں ہوتی اور اس علاقے میں باقی علاقوں کی نسبت گرمائش بھی زیادہ ہے۔ لہذا ہمیں اس سے عبرت حاصل کرنی چاہیے۔

جبل نیبو (Mount Nebo) بحر مُردار سے زیادہ دور نہیں تھی' نیبو بلند مقام تھا' تین اطراف گہری کھائیاں تھیں' پارکنگ کے سامنے گہرائی میں درختوں کا جھنڈ تھا' یہ جھنڈ عیون موسیٰ کہلاتا ہے' وہاں ایک غار میں پانی کے بارہ چھوٹے چھوٹے چشمے ہیں' عربی میں چشمے کو عین کہتے ہیں' عیون عین کی جمع ہے' مقامی لوگوں کا خیال ہے حضرت موسیٰؑ نے جس چٹان پر اپنا عصا مار کر بارہ چشمے جاری فرمائے تھے وہ مقام یہ ہے چنانچہ یہ اس جگہ کو عیون موسیٰ کہتے ہیں

بحرِ مُردار، نشانِ عبرت

اظہر جمیل اظہری
۳۵۰۰۔ یونس ہاؤس
سالِ اول (اے)

بحرِ مُردار عمان میں واقع ہے، اسے ڈیڈ سی بھی کہتے ہیں عرب اسے بحرِ میت کہتے ہیں اور یہ زمانۂ قدیم میں بحرِ لوط بھی کہلاتا تھا۔ یہ دنیا کا پست ترین مقام ہے اور یہ سطح سمندر سے (۱۳۰۰) فٹ نیچے واقع ہے۔ اس سمندر کی وجۂ شہرت اس کے پانی کا حد سے زیادہ نمکین ہونا ہے۔ عام سمندر میں نمکیات کی مقدار چار سے چھ فیصد ہوتی ہے جبکہ ڈیڈ سی میں اس کی مقدار ۲۳ سے ۲۵ فیصد تک ہے جس کی وجہ سے یہ دنیا کا واحد سمندر ہے جس میں کسی قسم کی حیات نہیں پائی جاتی۔ اس سمندر میں فوج بھی دکھائی نہیں دیتی اور اس سمندر پر کشتی، موٹر بوٹ اور بحری جہاز بھی نہیں چل سکتے کیونکہ اس میں نمکیات کی مقدار بہت زیادہ ہے جس کی وجہ سے کشتی فوراً الٹ جاتی ہے۔ علاوہ ازیں یہ دنیا کا واحد سمندر ہے جس میں کوئی زندہ جانور یا انسان نہیں ڈوب سکتا کیونکہ جو بھی چیز اس کے اندر چلی جاتی ہے سمندر کا بھاری پانی اسے فوراً سطح پر لے آتا ہے۔

بحرِ مردار کا کسی دوسرے سمندر کے ساتھ کوئی رابطہ نہیں، اس کے قریب ترین سمندر، بحیرۂ روم ہے، خلیج عقبہ اردن کے ساتھ ملتی ہے لیکن عقبہ اور ڈیڈ سی میں ساڑھے تین سو کلومیٹر کا فاصلہ اور ۱۳۰۰ فٹ کی اونچائی ہے یوں یہ سمندر کم اور ۳۵۱ مربع میل لمبی جھیل زیادہ محسوس ہوتی ہے۔ اس سمندر کی گہرائی ۱۳۰۰ فٹ لمبائی ۵۰ میل اور چوڑائی ۱۱ میل ہے۔ اسرائیل نے ۱۹۶۷ء میں اس کے مغربی کنارے پر قبضہ کر لیا تھا۔ یوں اس کا جنوب مشرقی علاقہ اُردن اور مغربی علاقہ اسرائیل کے پاس ہے۔ بیت القدس اس سے صرف ۱۵ میل کے فاصلے پر واقع ہے۔

بحرِ مُردار کی مٹی اور پانی کو جلد کے لیے شافی سمجھا جاتا ہے لوگ سمندر کا کیچڑ جمع کر کے کنارے پر لاتے ہیں اور جسم پر ملتے ہیں۔ پانی اور کیچڑ جسم کے مساموں میں داخل ہو کر جلد کو جوان کر دیتا ہے تاہم یہ کیچڑ دھونا بہت مشکل ہے نمکیات دیر تک جسم سے چپکے رہتے ہیں۔ لوگ سمندر سے نکل کر تین تین بار میٹھے پانی سے غسل کرتے ہیں پھر کہیں

ہے۔اسی طرح کسی طالب علم کو کسی رہائشی سکول کے ہاسٹل میں زندگی گزارنے سے بہت سے اچھے مواقع ملتے ہیں اور وہ ان سے فائدہ اٹھا کر نصابی اور ہم نصابی سرگرمیوں کے علاوہ کھیل کے میدانوں میں نہ صرف نام پیدا کر سکتا ہے بلکہ اپنی شخصیت میں نکھار بھی پیدا کر سکتا ہے۔ہاسٹل کی زندگی سے وہ پہلے سے زیادہ منظّم اور وقت کا پابند بھی ہو جاتا ہے۔

آیئے !ذرا تصویر کا دوسرا رخ بھی دیکھیے ، ہر ہاسٹل کے اپنے قانون وضوابط ہوتے ہیں۔اگر کوئی ان کا احترام نہیں کرے گا تو اپنے پیر پر آپ کلہاڑی مارے گا۔گھر میں تو والدین ہماری ہر چیز کا خیال رکھتے ہیں لیکن یہاں ہمیں سب کچھ خود سنبھالنا ہوتا ہے جس میں اکثر غلطی کا اندیشہ بھی ہوتا ہے۔گھر میں ہمیں لذیذ پکوان اور متوازن غذا ملتی ہے لیکن اکثر یہاں یہ سب کچھ ایسے غائب ہوتا ہے جیسے گدھے کے سر سے سینگ۔اگر کسی شخص کو بگڑے شہزادوں کا ساتھ مل جائے تو وہ عیاشیوں میں پڑ جاتا ہے اور یہ بھی خیال نہیں کرتا کہ اس کے والدین اپنا پیٹ کاٹ کر کس طرح اس کے اخراجات برداشت کر رہے ہیں۔یہ بھی نہیں سوچتا کہ کیسے میری ماں نے اپنے زیور بیچے ہوں گے، کیسے میرا باپ پارٹ ٹائم نوکری کرتا ہوگا؟ دورِ جدید میں منشیات جیسی لعنت کی لت بھی لگ جاتی ہے، منشیات میں نہ صرف سگریٹ نوشی بلکہ چرس، ہیروئین، کوکین اور شیشہ بھی شامل ہیں جن سے بچنا ناممکن نہیں تو مشکل ضرور ہے۔یہ تمام نشہ آور چیزیں جان لیوا بھی ثابت ہو سکتی ہیں۔گھر میں تو والدین ہماری نگرانی کر رہے ہوتے ہیں لیکن ہاسٹل میں طلبا آزاد زندگی گزار رہے ہوتے ہیں۔فطرتِ انسانی ہے کہ اگر اسے بری صحبت مل جائے تو کبھی کبھار وہ اپنی شہوانی خواہشات اور نفس کا غلام بن کر اخلاقی اَقدار سے بھی گر جاتا ہے جس سے نہ صرف معاشرے میں بدنامی کا داغ لگتا ہے بلکہ والدین کو بھی سخت شرمندگی اٹھانا پڑتی ہے۔اسی لیے ایک حدیث نبوی ﷺ میں بھی نصیحت کی گئی ہے کہ: "تنہائی میں اپنے نفسِ امّارہ پر قابو رکھو۔"

مندرجہ بالا فوائد ونقصانات کو مدِّ نظر رکھتے ہوئے ہمیں چاہیے کہ ہم ہاسٹل کی زندگی کو صحیح اور بہترین طریقے سے گزاریں۔کیوں کہ یہ ایسی زندگی ہوتی ہے جس کو مفید طریقے سے گزارا جائے تو یہ کسی انسان کی زندگی میں مثبت انداز میں بہت بڑا انقلاب برپا کر سکتی ہے۔اس کے برعکس اگر اس کو غلط ڈگر پر گزارا جائے تو یہ زندگی تباہ کن ثابت ہو سکتی ہے۔اب یہ ہم پر منحصر ہے کہ آیا ہم اسے مفید انداز میں بسر کرتے ہیں یا اس کے مضر اثرات کا شکار ہوتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں ہاسٹل کی زندگی بہترین طریقے سے گزارنے کی توفیق عطا فرمائے۔آمین!

ہاسٹل کی زندگی کے فوائد ونقصانات

محمد حذیفہ سجاد
۳۵۴۶۔رفیقی ہاؤس
دہم (سی)

ہاسٹل کی زندگی کا مطلب پڑھائی یا کسی نوکری کے سلسلے میں اپنے گھر سے دور رہائش پذیر ہونا ہے۔عموماً ہاسٹل کی زندگی کو طلباء کی زندگی سمجھا جاتا ہے کیوں کہ ہاسٹل میں نسبتاً دوسرے لوگوں کے،طلباء زیادہ تعداد میں رہائش پذیر ہوتے ہیں وہ ہاسٹل چاہے کسی رہائشی سکول کا ہو یا کوئی اور مگر ان کو علم کے حصول کی خاطر دل پر پتھر رکھ کر یہ سب کچھ کرنا پڑتا ہے۔ایک مشہور مقولہ ہے کہ:"علم حاصل کرو خواہ تمہیں چین ہی کیوں نہ جانا پڑے" مگر ہاسٹل میں دوسرے لوگ بھی زندگی بسر کر رہے ہوتے ہیں جن کو پیٹ کی خاطر گھر سے باہر نکلنا پڑتا ہے۔عام طور پر ہاسٹل کی زندگی کو بہت مشکل اور کٹھن سمجھا جاتا ہے لیکن محض اس وجہ سے اس کو برا نہیں کہا جا سکتا۔بقول اقبالؒ

ے نہیں ہے چیز نکمّی کوئی زمانے میں
کوئی برا نہیں قدرت کے کارخانے میں

کسی شخص کے لیے اس کی ہاسٹل میں گزاری ہوئی زندگی اس کی باقی ماندہ زندگی کے مقابلے میں بڑی اہمیت کی حامل ہوتی ہے۔اس زندگی میں وہ بہت سی نئی چیزیں سیکھتا ہے کیوں کہ زندگی میں کسی بھی موڑ پر ملنے والا شخص ایک نیا سبق دیتا ہے۔اس سے اس کو دنیا کا پتہ چلتا ہے کہ اس میں کیسے کیسے لوگ بستے ہیں اور ان کے ساتھ کس طرح پیش آنا ہے۔مختلف لوگوں سے بات چیت کرنے سے شخصیت میں اعتماد بھی پیدا ہوتا ہے۔اگر اس زندگی کا صحیح مطلب سمجھ آ جائے تو زندگی کے نشیب وفراز سے نمٹنے کا بھی پتہ چل جاتا ہے۔انسان یہ بھی سیکھ جاتا ہے کہ اگر پیسے کم ہوں تو کیا کیا جائے، بچت کس طرح کرنی ہے اور کس طرح مشکل حالات میں زندگی بسر کرنی ہے؟ ہاسٹل کی زندگی سے والدین، رشتے داروں اور دوست احباب سے محبت اور بڑھ جاتی ہے۔میری ناقص رائے میں ایک بہت بڑا فائدہ یہ بھی ہوتا ہے کہ ہاسٹل میں ساتھ رہنے والوں کی صورت میں ایک خاندان مل جاتا ہے جن سے انسان اپنے دکھ درد بانٹ سکتا

ان کا بیٹا ان سے بات کرنے کی بجائے موبائل کو استعمال کرنے کے لیے بے تاب ہو رہا ہے اور ان غریب والدین پر جب ان کے بیٹے کی بے جا ضد (کہ اسے موبائل لے کر دیں) اُفتاد بن کر آن ٹپکتی ہے تو ان کو تو ایسا لگتا ہے کہ ان کے بیٹے نے ان کی مدد کی بجائے الٹا ایک اور مصیبت ان کے گلے ڈال دی ہے۔ اور اس کے علاوہ جب ایک دادی اپنے پوتے پوتیوں سے بات کرنا چاہتی ہے مگر وہ لوگ اپنی ضعیف دادی کی بجائے انٹرنیٹ استعمال کر رہے ہوتے ہیں تو ان کی دادی پر تو جیسے غم کا پہاڑ ٹوٹ پڑتا ہے اور دلوں کے فاصلے بڑھتے چلے جاتے ہیں۔

ہاں! میں مانتا ہوں کہ موبائل فون نے زمینی فاصلے کم کر دیے ہیں مگر دلوں کے فاصلے تو بڑھا دیے ہیں، جب ایک گھر میں بیٹھے ایک شخص کو دوسرے شخص کے بارے میں علم ہی نہیں رہتا تو وہ گھر، گھر نہیں، کھنڈر بن جاتے ہیں۔ وہاں رہنے والے انسان، انسان نہیں، پتھر بن جاتے ہیں اور پتھروں کو رشتوں کا علم ہی کب ہوتا ہے؟ اور اگر جدید ٹیکنالوجی نے اس عظیم ہستی یعنی کہ ماں کو بھی پتھر دل بنا دیا ہے تو سنگ دلی کی تو انتہا ہی نہ رہی۔ آج کل کی پڑھی لکھی ماڈرن ماں اپنے چھ ماہ کے بچے کو اکیلا چھوڑ کر جب موبائل فون پر سارا دن اپنے ہمسائیوں یا محلے والی سہیلیوں کو فون کرتی رہے تو کیا یہ ماں کی مامتا ہے۔

جب کسی کی بہن دور سسرال سے اپنے بہن بھائیوں سے ملنے آئے اور اس کے بہن بھائیوں کے پاس اس سے بات کرنے کا وقت ہی نہ ہو تو آپ کو کیا لگتا ہے کہ وہ زمانہ ہے کہ جہاں انصار نے مہاجرین کو اپنا بھائی بنا لیا تھا؟ نہیں یہ وہ زمانہ نہیں ہے۔ آج کل کے دور میں تو سگا بھائی اپنے بھائی کے کام نہیں آتا تو باقی دنیا والے خاک اس کے کام آئیں گے۔ ہاں! یہ بات بھی ہے کہ اس دوری کی وجہ صرف جدید ٹیکنالوجی ہی نہیں ہے بلکہ اس میں کسی حد تک انسانوں کا بھی ہاتھ ہے۔ یہ بھی نہیں کہ جدید ٹیکنالوجی انسانوں کو زبردستی ایک دوسرے سے دور کر رہی ہے، ہاں یہ انسان کو اپنی طرف راغب ضرور کرتی جا رہی ہے۔

ہم لوگوں کو اپنے دل و دماغ کو سنبھالنے کی ضرورت ہے کیوں کہ جب دلوں پر مشینری کا قبضہ ہو جائے تو انسانی دل لوہے کا ایک پرزہ بن جاتا ہے جس میں کسی کے لیے کوئی خیال کوئی فکر موجود نہیں ہوتی۔

دوری کی وجہ چاہے کچھ بھی ہو، انسان چاہے کسی بھی وجہ سے ایک دوسرے سے دور جا رہے ہوں مگر میں تو اسے جدید دور کی بجائے دوری کا زمانہ ہی کہوں گا۔

کیا ..+ٹیکنالوجی نے اKنوں کوا ی - وسرے سے ورکر *ہے؟

اللہ نواز
۳۶۳۳۔ ہاس
نہم (اے)

جب ایک ماں اپنے لختِ جگر کی قربت کو ترس جائے اور وہ بھی انسان کی بنائی ہوئی ایک مشین کی وجہ سے تو آپ اس دَور کو کیا کہیں گے؟ دُوری کا زمانہ یا جدید ٹیکنالوجی کا دور، علامہ محمد اقبالؒ نے کیا خوب کہا ہے۔

ہے دل کے لیے موت مشینوں کی حکومت
احساسِ مروت کو کچل دیتے ہیں آلات

ہاں! اس بات سے بھی کوئی انکار نہیں کر سکتا کہ جدید ٹیکنالوجی نے انسانی کاموں کو مزید آسان کر دیا ہے مگر جو دوری کے دروازے انسانوں کے دلوں میں کھلتے جا رہے ہیں ان پر کوئی پردہ نہیں ڈال سکتا۔ آج کے زمانے میں نہم جماعت کا طالبِ علم سکول سے آتے ہی اپنا بستہ رکھتا ہے اور موبائل اُٹھا کر اپنے انہی دوستوں سے بات کرنے لگ جاتا ہے جن سے وہ سکول میں مل کر آیا ہے اور وہ بے چاری ماں جو صبح سے اپنے بچے کی راہ میں نظریں بچھائے بیٹھی ہے، اس کے بیٹے کو تو اس کی کوئی فکر ہی نہیں رہی۔ وہ موبائل پر گیمز کھیل رہا ہوتا ہے مگر ان بہن بھائیوں کا کیا جو عمر میں اس سے چھوٹے ہیں اور صبح سے اس بات کے منتظر ہیں کہ ان کا بھائی آئے تو وہ اس کے ساتھ کھیلیں۔ مگر ان کو تو موبائل سے فرصت ہی نہیں ہے۔

آج کل کے ہر بچے کو آنے والی ہر فلم کی کہانی کا علم ہوتا ہے مگر اسے یہ خبر نہیں ہوتی کہ اس کے گھر میں کیا مسائل درپیش ہیں۔ اسے یہ علم نہیں کہ اس کے باباجی کو کسی کام میں اس کی مدد کی ضرورت بھی ہے۔ آج کل کا اسی سالہ بوڑھا آدمی سارا دن کام کر رہا ہوتا ہے مگر اس کے صاحبزادوں کو اس کی مدد کے لیے اپنی سیلفیاں لینے سے فرصت ہی نہیں ہے۔ آج کے زمانے میں تو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ انسان تو اپنے گھر کو بھی بھول گیا ہے اور یہ سب انسان کی بنائی ہوئی مشینری کے مضمرات ہے۔

جب ایک بچہ اپنے ہاسٹل سے تین ماہ بعد لوٹتا ہے تو اس کے ماں باپ بہت خوش ہوتے ہیں مگر ان کو کیا خبر کہ

طویل موٹروے تعمیر کی جائے گی۔ جبکہ راولپنڈی سے چین کی سرحد تک قراقرم ہائی وے (شاہراہِ ریشم) دوبارہ تعمیر کی جائے گی۔ کراچی تا پشاور ریلوے لائن دوبارہ تعمیر کی جائے گی اور پاکستانیوں کو تیز ترین سفر کی سہولت میسر ہوگی۔ یہ منصوبہ 2019ء تک پایۂ تکمیل تک پہنچ جائے گا۔

33 ارب ڈالر کی خطیر رقم سے پاکستان کی توانائی کے مسائل پر قابو پایا جائے گا۔ اس وجہ سے 4500 میگا واٹ بجلی پیدا کرنے کے منصوبے بنائے جائیں گے۔ شمسی توانائی، کوئلہ اور پانی سے بھی بجلی پیدا کی جائے گی۔ اس عمل سے 2018ء سے 2020ء تک 10400 میگاواٹ پاکستان میں توانائی کے نظام میں ڈالی جائے گی۔ ان کاموں کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے کے لیے افرادی قوت کی ضرورت پڑے گی جس سے بے روزگاری کم ہو جائے گی۔

پاکستان اور چین کا یہ منصوبہ جس طرح چین کے لیے فائدہ مند ہے اسی طرح پاکستان کے لیے ترقی کا ضامن بھی ہے۔ 2000 کلومیٹر موٹروے پر پٹرول پمپ لگائے جائیں گے، ہوٹل، ریسٹورینٹ اور ورک شاپس بنائی جائیں گی۔ جس سے روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے۔ غرض اس معاہدے سے پاکستان کو ترقی کے مواقع حاصل ہوں گے۔ اس سے پاکستان کو تیز ترین سفر کی سہولیات بھی میسر ہوں گی اور لوگوں کو روزگار کے مواقع ملیں گے۔ انشاء اللہ پاکستان دن دگنی رات چوگنی ترقی کرے گا۔ پاکستان اور چین کی دوستی ایک نئے دور میں داخل ہو گی۔ بھارت کے ناپاک منصوبے ناکام ہو جائیں گے اور پاکستان ایک فلاحی مملکت بن جائے گا۔



چین پاکستان اقتصادی راہداری (CPEC)

محمد اویس ہاشمی
۳۷۰۷۔عالم ہاؤس
ہشتم (سی)

*پ کستان اور چین ہمسایہ مما لک اور آپس میں گہرے و & ہیں۔*پ کستان اور چین کی سرحد پ کوہ ہمالیہ کی قدرتی*ڑ ہے۔مگر ہمالیہ کے بلندو*لا پہاڑ بھی*پ ک چین وستی کی رکاوٹ نہیں بن h۔*پ ک چین وستی ہمالیہ کے بلندو*لا پہاڑی سلسلے سے بھی بلند ہے۔

چین نے اپنی تجارتی روٹ کو مختصر کرنے اور َ/م*پ نی ۔ -کی رسائی کے a*پ کستانی بندرگاہ جو گوا ر کے*م سے مشہور ہے اس پ کام کا آغاز کیا۔چین نے اپنے تجارتی مقاصد کے پیش نظر اور*پ کستان نے ور راز علاقوں ۔ - رسائی کے a*ہمی اشتراک سے ای -Ùâ اہ بنائی ہے جس کا*م âÙâ ریشم ہے۔یہ Ùâ اہ*پ ک چین وستی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔جو پہاڑوں کا سینہ چیر کر ڑی جاں فشانی سے بنائی گئی ہے اور یہ چین کے ڑھتی ہوئی آ*ی اور *پ کستان میں تجارت کے Ùوغ کے a اہم کر ارا اکرے گی۔اس مشترکہ فا+ے کے حصول کے a حال ہی میں چین اور*پ کستان کے رمیان ای -اقتصا ی منصوبہ طے**پ ہے &چین*پ کستان اقتصا ی راہداری "China Pakistan Economic Corridor" کہا جا*ہے اور مختصراً CPEC کہا جا*ہے۔

اس معاہدے کے تحت گوا رسے رہ خنجراب ۔ -*پ کستان چین کے تعاون سے موڑ وے اور ریلوے لائن تعمیر کرائے گا۔اس روٹ کی کل لمبائی 3210 کلو ٰa ہے۔جس میں سے 2000 کلو ٰa*پ کستان میں اور*قی چین میں ہے۔یہ Ùâ اہ گوا رسے چین کے صوبے سنکیا َ ۔ - ہے۔اس کے علاوہ مشرقِ وسطیٰ اور ا ان سے تیل اور گیس حاصل کر کے چین پہنچانے کے a نواب âہ ۔ ای -*پ ٔ $ لائن بھی تعمیر کی جائے گی۔اس معاہدے پ یہ اعتراض کیا جا سکتا ہے کہ یہ سارے فا+ے تو صرف چین کو حاصل ہوں گے۔بظ Ùا*پ کستان کو اس منصوبے سے کوئی فا+ہ نظر نہیں آ*۔اس اعتراض کا جواب یہ ہے کہ CPEC معاہدے کے تحت کراچی اور لاہور کے رمیان 1100 کلو ٰa

ملک میں اگر ہر بندہ ایمانداری سے کام کرے تو ہی کام ہوگا وگرنہ ہماری داستاں نہ ہوگی داستانوں میں۔ دہشت گردی کی روک تھام کے لیے تینوں افواج نے جس جوش وولولے کا مظاہرہ کیا وہ قابلِ دید تھا۔ جب بھی ہمارے ملک پر برے حالات آئے ہماری افواج نے اور ہمارے عوام نے سیسہ پلائی دیوار بن کر دشمن کا ڈٹ کر مقابلہ کیا اور اسے مات دی۔

ہمیں چاہیے کہ جہاں تک ہم سے ممکن ہو ہم بھی اپنے ملک کے لیے کچھ کریں۔ دل لگا کر پڑھیں۔ اردگرد کے لوگوں پر غور کریں۔ کسی بھی قسم کی مشکوک حرکت کی صورت میں متعلقہ اداروں کو اطلاع کریں۔ کیوں کہ وطن ہمارا ہے اور ہم اس کے نگہبان ہیں۔ ہمیں اسے خوشحال بنانا ہے۔ اسے مزید ترقی کی طرف گامزن کرنا ہے۔

ے صحنِ چمن کی مٹی کو ہم اپنے خون سے سینچیں گے
اس کا ہر اک صحرا صحرا کرنا ہے گلزار ہمیں



سوچنے پر اکسایا کہ آخر اس مسئلے کا حل کیا ہے؟

اگلے سال جون کے مہینے میں پاکستان آرمی، ائیر فورس اور نیوی نے ایک آپریشن شروع کیا جسے آپریشن ضربِ عضب کا نام دیا گیا۔ اس آپریشن کے تحت بہت سے دہشت گردوں کے ٹھکانے تباہ کیے گئے خاص طور پر وزیرستان کو دہشت گردوں کے چنگل سے آزاد کروایا گیا۔ شوال میں بھی دہشت گردوں کے بہت سے ٹھکانے تھے جنہیں تباہ کیا گیا۔ بہت سا اسلحہ ضبط کیا گیا۔

اس کے علاوہ کراچی میں رینجرز نے اپنا آپریشن شروع کیا جس کی سربراہی ڈی جی رینجرز میجر جنرل بلال اکبر نے کی۔ دن رات چھاپے مارے، ہر بل میں گھسے دہشت گرد کو باہر نکالا۔ کراچی میں گینگ وار بہت عام تھی۔ اور بدمعاشوں نے اپنے گینگ قائم کر رکھے تھے اور ان کی آپس میں کافی چھڑپیں ہوتی رہتی تھیں لیکن رینجرز نے اس صورتِ حال کو بہت ہی سنجیدگی سے لیتے ہوئے آپریشن جاری رکھا اور الحمدللہ کراچی کا امن کافی حد تک بحال ہو گیا۔

سوچنے والی بات یہ تھی کہ ان دہشت گردوں کے پاس اتنا اسلحہ آیا کہاں سے تھا؟ عرض کرتا چلوں کہ ہمارے بہت سے دشمنوں کی طرف سے دہشت گردوں کو امداد فراہم کی جاتی ہے۔ بھارتی خفیہ ایجنسی نے اپنا ایک دفتر ایران میں بھی کھول رکھا ہے جس کو استعمال کر کے وہ پاکستان میں ان تمام کارروائیوں کو انجام دیتی ہے، اس کی سب سے بڑی مثال کلبھوشن یادو ہے جسے پاک ایران بارڈر سے گرفتار کیا گیا۔ وہ بھارتی نیوی کا کمانڈر رینک کا آفسر ہے اور را کے لیے کام کرتا تھا۔ اس کے پاسپورٹ پہ اس کا نام مبارک پٹیل درج تھا۔ یہ سب کچھ تبھی ممکن تھا اگر کوئی اندر سے بھی شامل ہوتا۔ ہماری صفوں کے اندر ہی غدار ہیں۔ ہمارے اندر ہی ملک دشمن عناصر موجود ہیں۔

؎ کوئی اور تو نہیں ہے پسِ خنجر آزمائی
ہمیں قتل ہو رہے ہیں، ہمیں قتل کر رہے ہیں

ملک کے دفاع کے لیے یہ چیز نہایت ضروری ہے کہ ہم سب متحد ہوں لیکن ہمارے ہاں تو ملک کے اندر ہی اتنے مسائل ہیں کہ باہر کیا دھیان جائے۔ ہم تو ابھی تک شیعہ، سنی تفرقے سے باہر نہیں نکل پائے لیکن اللہ نے پھر بھی ہم پر بہت کرم فرمایا اور ہمیں اس بلا سے نجات عطا فرمائی۔

پاکستان میں دہشت گردی کی روک تھام

علی عباس
۳۵۲۵۔اقبال ہاؤس
دہم (اے)

کسی بھی ملک کے لیے اس کی خودمختاری خشتِ اول کا درجہ رکھتی ہے۔ جو ملک اپنی خودمختاری گنوا دے تو اسے آزاد قرار نہیں دیا جا سکتا۔ دہشت گردی ایک ایسا مسئلہ ہے جس سے کسی بھی ملک کی خودمختاری کو خطرہ ہوتا ہے۔ دہشت گرد ملک میں فتنہ وفساد پھیلانے کا باعث بنتے ہیں اور ملک کے امن واستحکام کے درپے ہوتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ کی ہمیں عطا کردہ نعمتوں میں سے ایک عظیم نعمت پاکستان بھی ہے۔ پاکستان اسلام کا ایک عظیم قلعہ ہے۔ پاکستان تمام اسلامی ممالک میں سے پہلی ایٹمی طاقت ہے۔ اللہ تعالیٰ نے پاکستان کو بہت سے وسائل سے بہرہ ور فرمایا ہے۔

روزِ ازل سے ہی اچھائی اور برائی میں کشمکش جاری ہے، ایسے ہی کچھ بدعناصر پاکستان دشمنی پر اتر آئے ہیں۔ دینِ اسلام دنیا میں بہت تیزی سے پھیل رہا ہے اور اس کا قلعہ پاکستان ہے، بہت سے اسلام دشمن ممالک یہ چاہتے ہیں کہ پاکستان تباہ ہو جائے تاکہ وہ اس دنیا سے اسلام کو مٹانے میں کامیاب ہو جائیں اور گھٹیا مقصد کی تکمیل کے لیے دشمنانِ پاکستان نے بہت سی سازشیں کیں اور پاکستان میں دہشتگردی کو فروغ ملا اور اس نے جڑ پکڑ لی۔

پورے ملک میں آئے دن خودکش دھماکے عام ہونے لگے خاص طور پر کراچی اور پشاور ان کے اہداف بن گئے ۔کراچی میں خوف و ہراس پھیلنا شروع ہوا۔ بھتے کی پرچیاں، اسلحہ کے زور پر ڈکیتیاں عام ہونے لگیں۔ دھماکے، غنڈہ گردی، لوٹ مار نے شہریوں کی ناک میں دم کر رکھا تھا اور پھر ۱۶ دسمبر ۲۰۱۴ء کو تو دہشت گردوں نے ظلم کی ہر حد پار کر کے پاکستان کے مستقبل یعنی اس کے بچوں کو، جو آرمی پبلک سکول میں پڑھتے تھے، نشانہ بنایا۔ معصوم جانوں کو شہید کیا گیا، اساتذہ کو جلایا گیا، عمارتوں کو آگ لگائی گئی۔ یہ ایک ایسا واقعہ تھا کہ جس نے ہر پاکستانی کو

ے دیارِ مغرب کے رہنے والو! خدا کی بستی دکاں نہیں ہے
کھرا جسے تم سمجھ رہے ہو وہ اب زر کم عیار ہو گا

مغربی خیالات، اعمال، کردار، اخلاق اور رہن سہن سے مرعوب اور متاثر ہو کر ہم اپنے دینی اور ملکی تشخص سے محروم ہوتے جا رہیں۔ آہستہ آہستہ مذہبی اقدار کا خاتمہ ملک وقوم کی تعمیر وترقی میں بہت بڑی رکاوٹ ہے۔ یہ ہماری خام خیالی ہے کہ مغرب کی تقلید سے اپنا کھویا ہوا مقام اور اقوام عالم میں عزت و وقار حاصل کر لیں گے اس لیے ہم مغربی سیاست، معیشت، معاشرت اور عقائد کی نقالی کرنے میں فخر محسوس کرتے ہیں اور اپنے تہذیب وعقائد اختیار کرنے میں عار محسوس ہونے لگی ہے۔ مغرب کی اندھی تقلید ہمیں جدیدیت اور روشن خیالی کے نام پر اس دلدل میں دھکیل رہی ہے جس میں گرنے کے بعد انجام تباہی کے سوا کچھ نہیں ہے۔ پاکستان اسلام کے نام پر حاصل کیا گیا تھا اور سرورِ کونینؐ کی تعلیمات پر عمل پیرا ہونے سے ہی اس کی تعمیر وترقی ممکن ہے۔

بقول علامہ اقبال:

اپنی ملت پر قیاسِ اقوام مغرب سے نہ کر
خاص ہے ترکیب میں قومِ رسولِ ہاشمی
ان کی جمعیت کا ہے ملک ونسب پر انحصار
قوت مذہب سے مستحکم ہے جمعیت تیری

مغربی تقلید اور اپنے آپ کو اس کے مشابہ بنانے کی پوری جدوجہد کرنے کے بجائے ہمیں اپنی طرز زندگی تبدیل کرنے کی ضرورت ہے اور اپنی ذمہ داریوں کا احساس کرتے ہوئے انہیں بروئے کار لانا ہوگا۔ زندگی کے ہر شعبہ اور مرحلہ میں غور وفکر اور علم حاصل کر کے ہی کامیابی وکامرانی کے تقاضوں پر پورا اترا جا سکتا ہے ترقی کیلئے کامل رہنمائی اور رہبری کی ضرورت ہے جو صرف دین اسلام کی تعلیمات اور اصولوں سے فیض یاب ہونے سے ہی مل سکتی ہے۔ ہمارے مذہب نے جو کہ ایک مکمل ضابطۂ حیات ہے زندگی کے شعبہ کے متعلق مکمل رہنمائی کی ہے لہٰذا ہمیں انہی اصول وضوابط پر عمل پیرا ہونے سے فلاح وکامیابی ملے گی۔

کیا ترقی کے لیے مغرب کی تقلید ضروری ہے؟

حسنین محی الدین
۳۴۵۸۔منہاس ہاؤس
سالِ اوّل (سی)

ے اَ/تقلید بو ے شیوۂ خوبم
پیغمبر ہم رہ ا.ا رفتے

تقلید کی حقیقت یہ ہے کہ کسی فرد یا قوم کو ایک چیز کا علم نہ ہو تو وہ اس چیز کے سلسلہ میں ایسے فرد یا قوم پر بھروسے اور اعتماد سے اس فرد کی بات قبول کرے جو اس علم یا فن کا محقق جانکار اور ماہر ہو، قوم کی تقلید سے مراد اس کی تہذیبی، سیاسی اور معاشرتی تقلید ہے۔ اگر ہم تاریخ کے جھروکوں پر نظر ڈالیں تو معلوم ہوگا کہ جن اقوام نے ترقی کی بلندیوں کو چھوا ہے انہوں نے کسی نہ کسی روپ میں دین اسلام کے سنہری اصولوں کو اپنایا ہے۔

کسی بھی قوم کا نظریہ یا لائحہ عمل وہ اساس ہے جس کو تقویت دے کر قومیں پروان چھڑتی ہیں۔ اگر کسی قوم کے عقائد کی اہمیت ختم ہو جائے تو وہ اپنے پیروں پر کھڑی نہیں ہو سکتی۔ یہ ایک کڑوی مگر اٹل حقیقت ہے کہ اہل اسلام نے مغربی روایات کی بغیر سوچے سمجھے نقالی کی ایسی روش اپنالی ہے کہ اپنی قدریں بھول بیٹھے ہیں۔ مغرب کی تقلید سے ترقی کی بجائے زوال کی راہیں ہموار ہو رہی ہیں۔

جب کسی قوم کی روایات وافکار کی جڑیں کمزور ہونے لگیں تو مغربی تہذیب وافکار ان کی جگہ لے لیتے ہیں۔ اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ پہلے جن افعال کو اسلامی تعلیمات کی رو سے معیوب سمجھا جاتا تھا اب وہ برائی، برائی محسوس نہیں ہوتی اور وہ تمام خیالات وافکار پرانے معلوم ہوتے ہیں جو کبھی مسلم تہذیب کا خاصہ سمجھے جاتے تھے۔ مغرب کی تقلید ہمارے معاشرے میں بھی انہی برائیوں کا باعث بن رہی ہے جن میں مغربی معاشرہ خود مبتلا ہے مسلم ممالک میں بے عملی اور اخلاقی تباہی اہلِ باطل کی سوچی سمجھی سازش ہے۔ بقول شاعر

اساتذہ اور والدین کا ملتے رہنا انتہائی ضروری ہے۔ والدین صرف اس دن اسکول آتے ہیں جب بیٹے نے ناقص کارکردگی دکھائی ہو یا ان کا بیٹا فیل ہوا ہو، تب پوچھتے ہیں کہ میرا بیٹا کیوں فیل ہوا ہے؟ بیٹے کو اسکول میں داخل کرا کے ساری ذمہ داری اساتذہ پر ڈال دی جاتی ہے۔

یہ تعلیم کا پرانا تصور تھا کہ والدین بچے کو پال پوس کر مدرسے کے حوالے کر دیتے تھے اور اساتذہ کا کام اسے تعلیم و شائستگی سے آراستہ کرنا ہوتا تھا۔ اس تصور کے مطابق والدین کو مدرسے کے کام سے کوئی سروکار نہیں تھا۔ اساتذہ جانیں اور طالب علم، والدین کا درمیان میں آنا بے جا مداخلت خیال کیا جاتا تھا۔

بچوں کی تعلیم و تربیت والدین اور اساتذہ کا مقدس ترین فریضہ ہے۔ زندگی کی ہنگامہ خیز شاہراہ پر بچے کی رہنمائی کے لیے والدین اور اساتذہ فرشتۂ رحمت سے کم نہیں ہوتے۔ والدین اور اساتذہ بچے کی تعلیم و تربیت میں فعال کردار ادا کرتے ہیں۔ باہمی تعاون سے بچے کی سیرت نکھار دیتے ہیں۔ قرآن مجید میں ارشاد باری تعالیٰ ہے:۔

"نیکی اور پرہیزگاری کے کاموں میں ایک دوسرے کے ساتھ تعاون کرو اور گناہ اور ظلم کی باتوں میں ایک دوسرے کی مدد نہ کرو" (القرآن) اگر ٹھیک طور پر والدین اور اساتذہ بچے کی پرورش اور تربیت کو اہمیت دیں تو بچہ معاشرے کا ایک اہم رکن، ملک و قوم کا مفید شہری اور محب وطن پاکستانی بن سکتا ہے۔ یہ اس وقت ممکن ہے۔ والدین اور اساتذہ کا رابطہ استوار ہو۔ اعلیٰ ملت کی تشکیل اس کے رکن کی اعلیٰ سوچ اور تربیت پر منحصر ہے۔ بقولِ شاعر:

بقول علامہ محمد اقبالؒ

افراد کے ہاتھوں میں ہے اقوام کی تقدیر
ہر فرد ہے ملت کے مقدر کا ستارہ

والدین اور اساتذہ کے باہمی رابطے کی اہمیت وافادیت

ملک محمد حسان
۳۶۸۸۔یونس ہاؤس
ہشتم (سی)

موجودہ دور میں تعلیمی تنزل کا جائزہ لیا جائے تو ہم اس نتیجے پر پہنچتے ہیں کہ اس تنزل کی سب سے بڑی وجہ اساتذہ اور والدین کا باہم عدم تعاون ہے۔ والدین بچے کو اسکول میں داخل کرانے کے بعد اپنے آپ کو بری الذّمہ تصور کرتے ہیں اور صرف استاد ہی کو طالب علم کا ذمہ دار قرار دیتے ہیں۔ جبکہ تعلیم یک طرفہ عمل نہیں ہے، بلکہ یہ بچے کی مجموعی نشوونما کا نام ہے۔ اس نشوونما میں جہاں مرکزی کردار استاد کی شخصیت ادا کرتی ہے وہاں ثانوی حیثیت کے حامل والدین ہوتے ہیں۔

یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ بچہ استاد کے ساتھ اسکول میں صرف چھ گھنٹے گزارتا ہے جبکہ شب وروز کے باقی لمحات وہ اپنے والدین کے ساتھ گزارتا ہے اور یہ بات بھی مبنی برحقیقت ہے کہ بچے کی سب سے پہلی درسگاہ ماں کی گود ہے۔

اگر استاد اور والدین میں رابطہ اور ہم آہنگی ہو تو طلبہ کی تعلیم وتربیت منظّم طریقے سے ہو سکے گی جب کہ موجودہ دور کا سب سے بڑا المیہ یہ ہے کہ اساتذہ اور والدین کا رشتہ ٹوٹ رہا ہے۔ اساتذہ اور والدین دونوں بچوں کے مسائل سے لاپرواہیں۔

بچے کی شخصیت کی تکمیل یا مؤثر طور پر سکھانے کے عمل میں گھر اور مدرسہ دونوں شریک ہیں۔ بچہ کچھ عادات و اطوار گھر سے سیکھتا ہے اور کچھ مدرسے سے۔ یہ بھی حقیقت ہے کہ سیکھنے کے لیے سکھانے والے کی ضرورت ہوتی ہے۔ اگرچہ بعض اوقات بچہ اپنے تجربات سے خود بھی سیکھتا ہے، لیکن سکھانے کے لیے جو اہمیت استاد کو حاصل ہے کسی اور کو حاصل نہیں ہو سکتی۔

بچے کے اسکول میں داخلے کے وقت باہمی تعاون کی صرف ابتداء ہوتی ہے۔ اس کو پختہ کرنے کے لیے

پاکستان کی عوام کے اذہان میں ایک عجیب خیال نے عرصے سے جنم لیا ہوا ہے کہ جو شخص باہر پڑھ رہا ہو یا ملازمت کر رہا ہو وہ انتہائی خوش وضع اور جاہ وثروت والا ہوتا ہے۔ اگر کسی نے اپنی بیٹی کا رشتہ دینا ہو تو وہ پاکستان میں کام کرنے والے کو چھوڑ کر بیرونِ ملک ملازمت کرنے والے کو ترجیح دیں گے خواہ اس کی تنخواہ کم ہی کیوں نہ ہو۔ اس خاندان کی عزت کی جاتی ہے جس کا ہونہار بیٹا باہر کسی کمپنی میں ملاز ☺ کر رہا ہو۔

ہمارے ملک میں نوجوان نسل کا بیرونِ ملک رُخ کرنے کا رجحان تیزی سے بڑھ رہا ہے اور حکومت کو اس رجحان کو ختم کرنے کی اشد ضرورت ہے۔ حکومت کو چاہیے کہ وہ نوجوان نسل کو اپنے ہنر ثابت کرنے کے مواقع فراہم کرے۔ ہم پاکستانی بڑے فخر کے ساتھ پاکستانی نژاد کہلا* پسند کرتے ہیں مثال کے طور پر پاکستانی نژاد جنوبی افریقی کھلاڑی عمران طاہر آئی سی سی ٹی ٹونٹی رینکنگ میں دوسرے درجے پر ہیں۔ اگر عمران طاہر کو پاکستان کی قومی کرکٹ ٹیم میں کھلایا جاتا ہے تو آج جنوبی افریقہ اس کی باؤلنگ سے مستفید نہ ہو رہا ہوتا۔ اس طرح ہمارے پاس حسین شاہ کی مثال ہے جو کہ پاکستان کا عظیم باکسر تھا مگر بدعنوانیوں سے تنگ آ کر اس نے ملک کو چھوڑ دیا اور جنوبی کوریا میں بطور باکسنگ کوچ اپنے فرائض سرانجام دے رہا ہے۔ اس طرح کی اور بہت سی مثالیں موجود ہیں۔ حکومت کے ساتھ ساتھ عوام کو بھی اپنے اندر شعور پیدا کرنا چاہیے تاکہ وہ بیرونِ ملک جانے کی بجائے اپنے ملک میں رہ کر اس کو مستحکم کرنے میں اپنا فریضہ ادا کریں۔ ہمارے ملک میں جامعات کا تو فقدان نہیں ہے مگر ان میں معیارِ تعلیم کا فقدان ضرور ہے۔ حکومت کو چاہیے کہ وہ غرباء کو مکمل معیاری تعلیم مفت فراہم کرے تاکہ بیس سال کا غریب لڑکا دبئی کا ویزہ اٹھانے کی بجائے کتاب اور قلم ہاتھ میں اٹھائے رکھے۔ قلم تلوار سے زیادہ طاقت ور ہوتا ہے۔ اگر ہماری نوجوان نسل پڑھ لکھ کر اس ملک کی ترقی میں اپنا حصہ ڈالے تو ہمارا شمار ترقی یافتہ ممالک کی صف میں ہونے لگے گا۔ جیسا کہ اقبالؒ نے بھی کہا تھا۔

؎ اس قوم کو شمشیر کی حا. #نہیں رہتی
ہو جس کے جوانوں کی خو ی صورتِ فولا

اور یہ تبھی ممکن ہے جب حکومت اور عوام مل کر کام کریں گے اور ملکی مفادات کو ذاتی اور خاندانی مفادات پر ترجیح دیں گے۔ حکومت کو نئے ادارے بنانے پر زور دینا چاہیے جس میں نوجوان اپنی ذات سے استفادہ کر کے نئے تجربات سرانجام دیں اور ہمارا ملک ترقی پذیر سے ترقی یافتہ ملک بن جائے۔

کرنے کے بعد نوجوانانِ پاکستان اپنی تحقیق پوری کرنے کے لیے بیرونی ممالک کا رخ کرتے ہیں۔ ہمارا نظامِ تعلیم بہت سی خرابیوں کا شکار ہے اور ان خرابیوں کی اصلاح کرنے کی ضرورت ہے۔

تعلیم کے زیور سے آراستہ ہونے کے علاوہ ہماری نوجوان نسل بیرونِ ملک ملازمت کے لیے جاتی ہے۔ ہمارے ملک میں ایسی سرکاری نوکری بہت ہی کم ملتی ہے جس کی ابتدائی تنخواہ ڈیڑھ سے دو لاکھ ہو۔ اسی لیے ہماری نوجوان نسل کی اکثر۔ $مروZ تعلیم میں ڈگری لینے کے بعد ایسے ممالک میں نوکری ڈھونڈتی ہے جس کا رائج سکہ بین الاقوامی منڈی میں پاکستان کے رائج سکہ سے زیادہ قیمتی ہے۔ ہمارے ملک کے جتنے بھی لوگ متحدہ عرب امارات اور سعودی عرب میں کام کرتے ہیں وہ سب غرباء کی فہرست میں آتے ہیں۔ ۲۰ سال کا غریب لڑکا ہاتھوں میں کتاب اور قلم کی بجائے دبئی کا ویزہ لیے پھرتا ہے اور امراء کے بچے بیرونِ ملک اعلیٰ تعلیمی اداروں میں پڑھ رہے ہوتے ہیں۔

یہ سوال ہے کہ ہماری نوجوان نسل تعلیم حاصل کرنے کے بعد اپنے ملک میں نوکری کرنا پسند کیوں نہیں کرتی؟ ہمارے ملک میں بدعنوانی عروج پر ہے۔ حکمرانوں سے لے کر گلی میں دکان والے تک، سب کی سرشت میں یہ بیماری موجود ہے۔ نوکری لینے جاؤ تو اپنا تعلق بنانا پڑتا ہے۔ جیسا کہ کسی شاعر نے کہا ہے۔

ے اخبار میں نے دیکھا تو مجھ پر ہوا عیاں
ہوتے ہیں پاس وہ بھی نہ دیویں جو امتحاں

بدقسمتی سے دنیا کے بدعنوان ممالک کی فہرست میں پاکستان پہلے تیس ممالک میں آتا ہے تو پھر یہ بات یقینی بن جاتی ہے کہ نوجوان نسل بیرونِ ملک جا کر ملازمت کرنا پسند کرے گی۔

ہر شخص کو اپنی زندگی عزیز ہے، کہا جاتا ہے کہ گھر سب سے محفوظ ترین جگہ ہے۔ ۲۰۰۹ء میں سری لنکن کرکٹ ٹیم اور ۲۰۱۴ء میں آرمی پبلک اسکول پشاور پر حملہ بہت سے پاکستانیوں کے دل کو دہلا دینے والا تھا۔ آئے روز کے دہشت گردی کے واقعات سے تنگ آ کر نوجوان نسل بیرونِ ملک جانے کے منصوبے بنا رہی ہے تاکہ محفوظ اور پر امن زندگی بسر کر سکیں۔ الحمدللہ ہماری مسلح افواج ان دہشت گردوں کو ناکوں چنے چبوا رہی ہے اور دشمنانِ اسلام کو ختم کر رہی ہے لیکن اب بھی امریکی سائنسی ادارے کے مطابق پاکستان میں بھارتی خفیہ ایجنسی 'را' کے ۳۵۰۰۰ جاسوس بدامنی پھیلا رہے ہیں۔

ہماری نوجوان نسل بیرونِ ملک جانا کیوں پسند کرتی ہے؟

محمد فہیم
۳۳۷۴۔منیر ہاؤس
سالِ دوم (بی)

کسی بھی ملک کی ترقی میں اس کی نوجوان نسل بہت اہمیت کی حامل ہوتی ہے۔اگر نوجوان نسل اپنے فرائض ایمانداری کے ساتھ ادا کرے تو اس ملک کا بامِ عروج پر متمکن ہونا ایک لازمی امر ہے۔ یہ بات کسی بھی ملک کے لیے باعثِ ندامت ہے کہ اس کی نوجوان نسل کی صلاحیتوں سے دوسرے ممالک فیضیاب ہو رہے ہیں اور یہ المیہ ہے جب نوجوان نسل کو اپنے ملک میں اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لانے کے مواقع میسر نہ ہوں۔ بدقسمتی سے ہمارا پیارا ملک پاکستان بھی ایسے ممالک کی فہرست میں شامل ہے جس کی نوجوان نسل میں بیرونِ ملک جانے کا رجحان بہت تیزی سے بڑھ رہا ہے۔اقبال کے شاہین اغیار کی فضاؤں میں محوِ پرواز ہونا چاہتے ہیں اور بدقسمتی سے بہت سے لوگ بیرونِ ملک میں موجود ہیں جن کی صلاحیتوں سے پاکستان محروم ہے۔ ہمارے جوہر اغیار کے ہاں تراشے جا رہے ہیں۔

اگر ہم غور کریں تو یہ بات ہمارے علم میں آتی ہے کہ نوجوان نسل کی اکثریت بیرون ملک تعلیم کے حصول کے لیے جاتی ہے۔اگر ہمارے ملک میں اعلیٰ پائے کے ادارے موجود ہوں تو کون اپنی سرزمین چھوڑ کر بیرونِ ملک جانا پسند کرے گا۔ ہمارے ملک میں کل ۱۳۲ جامعات ہیں جن میں ۷۳ سرکاری اور ۵۹ نجی ہیں۔ ہمارے ملک کی سرِ فہرست جامعہ قومی دارالعلوم برائے سائنس اور ٹیکنالوجی (نسٹ) دنیا کی پہلی ۲۰۰ سے ۸۰۰ جامعات میں آتی ہے۔ ہمارا نظامِ تعلیم بھی فرسودہ اور موجودہ دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ نہیں ہے۔ ہمارے حکمران بھی اس حقیقت سے آگاہ ہیں مگر افسوس کہ ہمارے حکمرانوں کے کان پر جوں تک نہیں رینگتی۔ ہماری مجموعی ملکی پیداوار (جی۔ڈی۔پی) کا ۲.۴ فیصد حصہ محکمہ تعلیم کے لیے صرف ہوتا ہے جس میں سے نواسی فیصد مدرسین کی تنخواہوں اور گیارہ فیصد عمارات اور بنیادی ڈھانچوں پر خرچ ہوتا ہے۔ ہمارے ملک میں بلند پایہ تحقیقی اداروں کی کمی ہے۔افسوس کی بات ہے کہ ایم فل

ہم مسلمان کہلانے کے قابل نہیں۔ اس لیے ہمیں چاہیے کہ ہم دوسروں سے بیر رکھنے کی بجائے ہر معاملے کو بھائی چارے اور اخلاق کے دائرے کے اندر رہتے ہوئے حل کریں نہ کہ چھوٹی چھوٹی بات کو اپنی ذاتی انا کا مسئلہ بنا کر آپس میں بیر رکھنے لگ جائیں۔ اگر ہم خدا کو راضی کرنا چاہتے ہیں تو ہمیں اس کی مخلوق کو راضی کرنا ہوگا اور اگر ہم چاہتے ہیں کہ اللہ ہم سے پیار کرے تو ہمیں اس کی مخلوق سے پیار کرنا ہوگا۔

بقول شاعر:

کرو مہربانی تم اہلِ زمیں پر
خدا مہرباں ہو گا عرشِ بریں پر



یعنی علامہ اقبالؒ کے نزدیک خدا کے بندوں کی اس وقت تک کوئی وقعت نہیں جب تک وہ اس کے بندے سے پیار و محبت نہیں کرتے اور پھر بیر رکھنا تو بہت دور کی بات ہے، خدا اپنی مخلوق سے ستر ماؤں سے بڑھ کر پیار کرتا ہے۔ اس کا مطلب اللہ تعالیٰ کو اپنی مخلوق بہت محبوب ہے اور جو چیز کسی کو محبوب ہو اسے کوئی پیار و محبت سے نہ دیکھتا ہو تو اس کی عزت اس کے دل میں کیا ہوگی؟ اگر آپ کسی شخص کی بہت عزت کرتے ہیں مگر جو چیز اسے بہت عزیز ہو مثلاً اس کی اولاد، اگر اس کے ساتھ پیار نہیں کرتے اور اس کے ساتھ بیر رکھیں تو کیا وہ آپ کو اچھا سمجھے گا؟ ہرگز نہیں۔ ہم اللہ تعالیٰ کی بہت عزت کرتے ہیں اور اگر ہم چاہتے ہیں کہ وہ بھی ہم سے پیار کرے تو ہمیں اس کی مخلوق کے ساتھ اچھا سلوک رکھنا ہوگا، نہ کہ بیر۔ اسلام کی بنیاد ہی محبت و ہمدردی پر قائم کی گئی ہے۔

ایک ہی صف میں کھڑے ہو گئے محمود و ایاز
نہ کوئی بندہ رہا نہ کوئی بندہ نواز

اسلام تو یہ سکھاتا ہے کہ اگر کوئی آپ کے ساتھ برا سلوک کرے تو آپ پھر بھی اس کے ساتھ اچھا سلوک کرو، آپؐ کی حیاتِ مبارکہ اس کی زندہ مثال ہے۔ آپؐ نے ہمیشہ دوسروں کے ساتھ اچھا سلوک کیا خواہ کسی نے آپؐ کے ساتھ کتنا ہی برا سلوک کیوں نہ کیا، خواہ کتنی ہی اذیتیں کیوں نہ دیں۔ آپؐ نے صحابہ کرامؓ کو بھی صلحِ کُل کا درس دیا۔ فتح مکہ کے موقع پر آپؐ نے کافروں سے بدلہ لینے کی بجائے فرمایا کہ "جو کوئی خانہ کعبہ یا ابوسفیان کے گھر میں پناہ لے لے اور اپنے گھر کے دروازے بند کر لے، اس کا امان ہے"۔ حالانکہ کافروں نے آپؐ کے ساتھ کبھی اچھا سلوک نہیں کیا تھا آپ پر بہت ظلم ڈھائے مگر آپؐ نے انہیں امان دے دی۔ یہ تو آپؐ، بانی اسلام کافروں کے ساتھ سلوک تھا اور ہم آپس میں بیر رکھنے کا سوچ بھی نہیں سکتے ہیں۔ آپؐ نے فرمایا:

"ترجمہ: مسلمان وہ ہے جس کے ہاتھ اور زبان سے دوسرے مسلمان محفوظ ہوں۔ (ترمذی)

اس سے ہمیں صاف پتہ چلتا ہے کہ ہمارا مذہب کسی کے ساتھ بیر رکھنا سکھاتا ہے اور نہ ہی برا سلوک کرنے کا درس دیتا ہے۔ بلکہ ہمارا مذہب تو دوسروں کے ساتھ اچھا اور محبت کا رویہ روا رکھنے کی تلقین کرتا ہے۔ دنیا کے کسی مذہب کی بنیاد دشمنی، حسد، عناد اور کینہ پر نہیں رکھی گئی اور پھر ہمارا مذہب تو ان سب باتوں سے باز رہنے کی تلقین کرتا ہے ورنہ

مذہب نہیں سکھاتا آپس میں بیر رکھنا

محسن خادم
۳۴۶۶۔رفیقی ہاؤس
سالِ اول (سی)

دنیا کا ہر مذہب محبت، ہمدردی، اخوت اور اتفاق کی تعلیم دیتا ہے۔ ہر مذہب کے نزدیک مقصدِ حیات، خدمتِ خلق اور ایک دوسرے سے ہمدردی ہے۔ خدا کی جتنی بھی عبادات ہیں ان میں سے سب سے بڑی عبادت خدمتِ خلق اور اس کے بندوں سے پیار کرنا ہے۔ خدا کی عبادت بھی تب تک قبول نہیں ہوتی جب تک کہ اس کے بندوں کے ساتھ اچھا سلوک نہ کیا جائے۔

بقولِ خواجہ میر درد

ے درد دِل کے واسطے پیدا کیا انسان کو
ورنہ طاعت کے لیے کچھ کم نہ تھے کروبیاں

صرف خدا ہی نہیں جو اس عمل کو پسند کرتا ہے بلکہ دنیا بھی اسے عزت کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ خواہ کوئی بھی مذہب کیوں نہ ہو وہ یگانگت اور بھائی چارے کا درس دیتا ہے۔ لیکن بعض مذاہب جیسا کہ یہودیت اور عیسائیت وغیرہ اپنی اصل حالت میں موجود نہیں بلکہ تحریف شدہ ہیں۔ اس لیے یہ مذاہب دنیا میں انتشار کی فضاء پھیلا رہے ہیں لیکن اسلام آج بھی ویسا ہی ہے جیسا کہ آج سے چودہ سو سال پہلے حضرت محمد ﷺ نے اس کی تبلیغ کی تھی۔ محبت کا درس دینے والا، عفو و درگزر کرنے والا، دوسروں سے اچھا سلوک کرنے والا اور وہی بھائی چارگی کا سبق دینے والا۔

بقول علامہ اقبال:

ے خدا کے بندے تو ہیں ہزاروں، بنوں میں پھرتے ہیں مارے مارے
میں اس کا بندہ بنوں گا جس کو، خدا کے بندوں سے پیار ہو گا


مضامین
ترے سخن کے سدا لوگ ہوں گے گرویدہ
مٹھاس اُردو کی تھوڑی بہت زبان میں رکھ
مبارک انصاری

۲۰۱۸ء کا سال بھی تبدیلیوں کا سال ثابت ہوا اور پی اے ایف کالج سرگودھا کے آٹھ ہاؤسز کو انتظامی معاملات میں بہتری لانے کے لیے پھر سے چھ میں تبدیل کرنے کا فیصلہ کیا گیا جس کے نتیجے میں موسمِ گرما کی تعطیلات سے قبل یہ تبدیلی آ چکی ہو گی۔ صفی اور منہاس ہاؤسز کے پری کیڈٹس باقی کے چھ ہاؤسز میں تقسیم کر دیے جائیں گے اور یوں ایک اور دور کا آغاز ہو گا جو انشا اللہ ادارے کے لیے مثبت نتائج لانے کا ذریعہ بنے گا۔

سربراہِ ادارہ ائر وائس مارشل (ر) قاسم مسعود خان بڑی متحرک شخصیت کے مالک ہیں اور سرگودھین ہونے کے ناتے اس ادارے سے گہرا قلبی لگاؤ رکھتے ہیں۔ آپ شبانہ روز اپنے اس ادارے کی تعمیر و ترقی کے لیے مصروفِ عمل ہیں اور ادارہ آپ کی سرکردگی میں کامیابیوں کی نئی منازل طے کر رہا ہے۔

ایڈیٹوریل بورڈ مجلّہ 'سرگودھین' کی تیاری میں ان تمام ہستیوں کا ممنونِ احسان ہے کہ جن کی اعانت و مشاورت کے بغیر اس کا پایۂ تکمیل تک پہنچنا ممکن نہیں تھا۔ سرِفہرست پرنسپل کالج ہٰذا ائر وائس مارشل (ر) قاسم مسعود خان ہیں جو مجلّہ 'سرگودھین' کے نگرانِ اعلیٰ بھی ہیں اور علمی و ادبی ذوق بھی رکھتے ہیں، آپ کی سرپرستی میں تیاری کے مراحل سہل ہوتے گئے۔ وائس پرنسپل ونگ کمانڈر ڈاکٹر پرویز اختر کی ہمہ وقت مشاورت اور رہنمائی نے اس کام کو بروقت مکمل کرنے میں بڑی سہولت پیدا کی، ہم اس پر اُن کے شکر گزار ہیں۔ صدرِ شعبۂ اردو، اسکواڈرن لیڈر آصف علی، کی دلچسپی کی بدولت مجلّے کی تیاری میں کافی آسانی رہی، آپ کی پُرخلوص رہنمائی پر ایڈیٹوریل بورڈ آپ کا مرہونِ احسان ہے۔ فلائیٹ لیفٹیننٹ اللہ ڈینو، منصور شاہد اور فوٹو گرافر ایوب کے تعاون کا شکریہ بھی ہم پر واجب ہے۔

سرگودھا
۳۔ اپریل ۲۰۱۸ء

اسکواڈرن لیڈر جاوید الطاف
مدیر 'سرگودھین' اردو سیکشن

اداریہ

کہا جاتا ہے کہ علم، اوجِ ثریّا تک پہنچنے کا شاید واحد راستہ ہے۔ قرآنِ مجید میں اللہ تعالیٰ نے اپنے کلام کا آغاز لفظ 'اقرا' سے کیا جو ہمارے لیے محض ایک لفظ ہی نہیں بلکہ 'حکم' کا درجہ رکھتا ہے کیوں کہ جاننے والا اور نہ جاننے والا کبھی برابر نہیں ہو سکتے۔ تمام مخلوقات میں انسان کی تربیّت سب سے زیادہ ضروری ہے کیوں کہ انسان ہی روئے زمین پر وہ واحد مخلوق ہے جس پر زمین کی اصلاح کا انحصار ہے۔

ہر قوم کے کچھ نصب العین ہوتے ہیں اور ان کا حصول اس قوم کا مطمحِ نظر ہوتا ہے اور اس کے حصول کے لیے قومیں اپنا نظامِ تعلیم تشکیل دیتی ہیں۔ تعلیمی نظام ہی کے ذریعے سے کسی قوم کے اجتماعی تشخّص کی بنیاد تیار ہوتی ہے اور ایک قومی سوچ کی تشکیل بھی تعلیمی نظام کے ذریعے ہی ممکن ہے۔

علم، تحقیق کی دعوت دیتا ہے اور پھر یہ تحقیق، تخلیقی عمل کی طرف بڑھنے کا ذریعہ بنتی ہے۔ تعلیمی ادارے اس تحقیقی اور تخلیقی عمل کے لیے مناسب سہولیات فراہم کرتے ہیں اور اساتذہ اپنے تلامذہ کو ذہنی طور پر اس عمل کے لیے تیار کرتے ہیں۔ تحقیق اور تخلیق کا یہ ساتھ کسی بھی مُلک کی ترقی میں کلیدی کردار ادا کرتا ہے۔ ہمارے ملک کے نوجوانوں کو اسی قسم کی ذہنی و فکری روئیدگی کی ضرورت ہے جو انھیں تحقیق و تخلیق کی منازل سے بھی آگے لے جانے کا ذریعہ بنے۔

پی اے ایف کالج سرگودھا، ملک کا ایک ایسا منفرد تعلیمی ادارہ ہے جو شب و روز اس ادارے میں زیرِ تعلیم طلباء میں تعلیم و تربیّت کے ساتھ ساتھ ذوقِ جستجو اور آگے بڑھنے کی اُمنگ بھی پیدا کرنے کی سعی میں مصروفِ عمل ہے اور اس ادارے سے فارغ التحصیل ہونے والے طلباء نہ صرف پاک فضائیہ میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا رہے ہیں بلکہ ہر شعبۂ زندگی میں 'سرگودھینز' ایک نمایاں مقام رکھتے ہیں اور قومی نصب العین اور تشخّص کے حصول کے لیے اپنا فعال کردار ادا کر رہے ہیں۔

مجلسِ ادارت

(اُردو سیکشن)

(دائیں سے):۔ محمد فہیم، اسکواڈرن لیڈر آصف علی، ائر وائس مارشل (ر) قاسم مسعود خان (پرنسپل)
ونگ کمانڈر ڈاکٹر پرویز اختر (وائس پرنسپل)، اسکواڈرن لیڈر جاوید الطاف، اظہر جمیل اظہری

افسانے

1	فلاح	محمد ارسلان	27
2	ا یـ -اور موقع	عدیل بن تحسین	29
3	کمان	سکندر احمد	31

شہرِ سخن

1	حمدِ باری تعالیٰ	اسکواڈرن لیڈر آصف علی	33
2	نعتِ رسولِ مقبول ﷺ	[illegible]	34
3	سرگودھا	محمد حما بشیر	35
4	غزل	اسکواڈرن لیڈر آصف علی	36
5	کچھ ناحیہ ہو جائے	علی عباس	37
6	غزل	سینئر ٹیک ذوالقرنین	38
7	غزل	محمد محسن خام حاشر"	39
8	پی اے ایف کالج سرگودھا	محمد تحسین انجم	40
9	غزل	نعمان شہزا	41
10	غزل	[illegible] شیر	42
11	منزل دور نہیں	یحییٰ	43
12	غزل	فہیم عباس	44
13	غزل	اظہر جمیل اظہری	45
14	بچپن کی [illegible] یں	محمد جہانگیر [illegible] ر	46
15	غزل	[illegible] ذوالفقار	47
16	غزل	حسنین محی الدین	48
17	نیا اور ز [illegible] گی	مرزا عمیر	49
18	ناحیہ غزل	فصیح عباس	50

حُسنِ ترتیب

اداریہ	اسکواڈرن لیڈر جاوید الطاف

مضامین

1	مذ، Ø نہیں سکھا* آپس میں بیر رکھنا	محسن خام	1
2	ہماری نوجوان نسل بیرونِ ملک جا* کیوں پسند کرتی ہے؟	محمد فہیم	4
3	والدین اور اسا+ ہ کے* ہمی رابطے کی اہمیت وافا $	ملک محمد حسان	7
4	کیا ,قی کے a مغرب کی تقلید ضروری ہے؟	حسنین محی الدین	9
5	*کستان میں ہشت َ / ی کی روک تھام	علی عباس	11
6	پاک چین اقتصادی راہداری (CPEC)	محمد اویس ہاشمی	14
7	کیا ..+ ٹیکنالوجی نے Kان کوا - وسرے سے ورکر * ہے؟	اللہ نواز	16
8	ہاسٹل کی ز+ گی کے فوا+ ونقصا* ت	محمد :یفہ سجا	18
9	بحرِ مُردار، نشانِ عبرت	اظہر جمیل اظہری	20

جہانِ حیرت

1	روبوٹ اور جا* پنی بوڑھے (انتخاب)	شجا ت (ارâ	22
2	قدیم âرک کی ر* فت (انتخاب)	یحییٰ خان	24
3	خلا* زاو öÆ سوٹ (انتخاب)	âہ میر علی	25

سرگودھین

۲۰۱۸ء

نگرانِ اعلیٰ	:	ائروائس مارشل (ر) قاسم مسعود خان
نگران	:	ونگ کمانڈر ڈاکٹر پرویز اختر
مدیران	:	اسکواڈرن لیڈر آصف علی
		اسکواڈرن لیڈر جاوید الطاف
طلباء مدیر	:	محمد فہیم
		اظہر جمیل اظہری

۲۰۱۸ء

سرگودھین

SARGODHA PAF COLLEGE AIM HIGH

مجلّہ پی اے ایف کالج سرگودھا

سرگودھین

SARGODHA
PAF
COLLEGE
AIM HIGH

۲۰۱۸ء

مجلہ پی اے ایف کالج سرگودھا